SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE

For immediate release

December 08, 2022

ایس ای سی پی نے انشورنس سیکٹر کے لئے رسک بیس ریگولیٹری رجیم تجویز کر دی

اسلام آباد (دسمبر 8) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس کے شعبے میں مزید شفافیت اور بیمہ ہولڈروں کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانے کے پیش نظر، رسک بیسڈ کیپٹل رجیم تجویز کر دی ہے۔

مجوزہ فریم ورک جو کہ بین الاقوامی معیارات و تجربات کو مد نظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے، کا مقصد انشورنس کمپنیوں میں کارپوریٹ گورننس کو بہتر بنانا، انٹرپرائز رسک کی بہتر مینیجمنٹ اور کمپنی کی معلومات اور دیگر ڈیسکلویر کی شرائط کو شفاف بنانا ہے۔ اس وقت انشورنس آرڈیننس 2000 کے ریگولیشنز کے تحت پاکستان کے انشورنس سیکٹر کے لئے رول بیس کیپٹل ایڈوکیسی کا فریم ورک رائج ہے۔

مجوزہ فریم ورک کی تصوراتی دستاویز میں نہ صرف نمایاں اصول وضع کیے گئے ہیں بلکہ واضح ویلیوائیشن کے لئے ٹیکنکل تخمینوں اور رسک مارجن کے واضح معیارات اور انشورنس کے مختلف رسک اور رسک مینجمنٹ کے لئے سرمائے کی ضروریات کی تفصیل بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ کیپٹل ایڈوکیسی کے لیول، رسک کیپٹل چارجز، دستیاب اور درکار سرمائے کا تخمینہ لگانے کے طریق کار بھی دئے گئے ہیں۔

مجوزہ فریم ورک کا خاکہ انشورنس شیکٹر کے لئے قائم کئے گئے، انڈسٹری کے نمائندوں، نجی شعبے کے ماہرین اور ایس ای سی پی کے حکام پر مشتمل ٹیکنکل ورکنگ گروپ کی سفارشات کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا ہے۔

مجوزہ فریم ورک پر عوام اور متعلقہ اسٹیک ہولڈروں کی رائے و تجاویز حاصل کرنے کے لئے مجوزہ فرریم ورک پر ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005